____

(تاریخ)

محترم والدین / سرپرست

نادرن آئرلینڈ میں ہیلتھ اینڈ سوشل سروسز بورڈ کے پبلک ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے ذریعے سکولوں میں سر کی جوؤں کی چھوت کے مسائل کے بارے میں نئی ہدایات جاری ہوئی ہیں۔ یہ ہدایات سکول میں بچوں کے سروں کے عمومی معائنہ یا والدین کو آگاہی کے خطوط لکھنے کی حمایت میں جاری نہیں کی گئیں۔ تاہم میرا خیال ہے اگر سر کی جوئیں نظر آئیں تو والدین کو مطلع کر دینا چاہیے اور یہ خط اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ یہ اطلاع آپ کے بچے کی کلاس سے موصول ہوئی ہے۔ اس مسئلہ سے متعلقہ درج ذیل معلومات کی طرف آپ کا دھیان مبذول کروانا مقصود ہے۔

- سر میں جوؤں کی مشکوک چھوت کا علاج صرف تب کرنا چاہیے جب کوئی زندہ جوں متحرک نظر آئے۔
- سات دنوں کے وقفہ سے دوبار مکمل ٹریٹمنٹ کی ضرورت ہوتی ہے۔
- ایک سر سے دوسرے سر میں جوؤں کا چلا جانا صرف اس صورت میں ہوتا ہے جب دونوں سر ایک دوسرے سے زیادہ دیر تک جڑے رہیں۔
- کسی کنبہ میں جوؤں کی تلاش اور ان سے بچاؤ کی چارہ جوئی کی اولین ذمہ داری والدین کی ہوتی ہے۔
- سر میں باریک دندانوں والی کنگھی کے ذریعہ باقاعدگی سے کنگھی کرتے رہنا بچاؤ کا بہترین طریقہ ہے۔

سر کی جوؤں کی کثرت سے والدین کو گھبرانا نہیں چاہیے بلکہ اس سے مقابلہ کرنے کیلئے اقدامات اٹھانا چاہئیں سر کی جوؤں کے علاج کیلئے لوشنز وغیرہ کے بارے میں مشورہ آپ کے مقامی ہیلتھ سنٹر، جی پی، فارمسٹ یا سکول نرس سے مل سکتا ہے۔

آپ کا / کی مخلص

پرنسپل